PRESS RELEASE

الیکشن کمیشن آف پاکستان

پریس ریلیز

مورخہ:5فروری2024ء

ڈسٹرکٹ مانیٹرنگ افسران نے صوبہ خیبر پختونخواہ میں ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزیوں کے واقعات کا نوٹس لے کر متعدد امیدواروں کو وارننگ نوٹسز جاری کئے۔چئیر مین تحصیل کونسل صوابی عطاءاللہ کو نوٹس جاری کر کے 5 فروری کو دن 11 بجے طلب کیا گیا۔ محکمہ لائیوسٹاک اور محکمہ زراعت، ضلع ٹانک کے حکام، کو اہلکاران مختیار خان اور عبدالقیوم پر کڑی نظر رکھنے کی ہدایت دی گئی۔چئیر مین تحصیل کونال سرائے نورنگ لکی مروت کو 5 فروری کو طلب کیا گیا۔این اے 41 لکی مروت عثمان سیف اللہ کو 12 فروری کو طلب کیا گیا ہے۔چئیر مین تحصیل کونسل شمالی وزیرستان پر 20 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا گیا۔پی کے 101 بنوں سے امیدوار پیر واجد علی شاہ کو 5 ہزار روپے جرمانہ کیا گیا۔پی کے 102 مسلم لیگ ن سے امیدوار میاں سمیع اللہ شاہ کو 5 ہزار روپے جرمانہ کیا گیا۔پی کے 99 مسلم لیگ ن کے امیدوار غنی رحمان کو 6 فروری کو طلب کیا گیا ہے۔چئیر مین نیبرہڈ کونسل عارف خان کو 5 ہزار روپے جرمانہ کیا گیا۔چیئر مین ویلیج کونسل مردو خیل شاہ آیاز اللہ کو 5 ہزار روپے جرمانہ کیا گیا۔چئیر مین ویلیج کونسل پائی ٹانک محمد سلیمان اور چئیر مین نیبرہڈ کونسل ٹاٹر ٹانک پر فی کس 10 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا گیا ہے۔صوبہ بھر میں انتخابی مہم کی مانیٹرنگ کا مربوط نظام بھرپور طریقے سے فعال ہے۔

ترجمان الیکشن کمیشن

Office Telephone: (+92)(51) (9205611)
Fax: (+92)(51) (9205300)
Address:
Election Commission Of Pakistan Secretariat, Election House,
Constitution Avenue, G-5/2, Islamabad

Free, Fair, Transparent & Inclusive Elections
MEDIA COORDINATION
& OUTREACH WING